# جغرافیہ

## بورڈ کا سوالیہ پرچہ : مارچ 2020

وقت : 2 گھنٹے ]                                                    [ کل نمبر : 40

نوٹ : یہ امتحان کووڈ-۱۹ کی وجہ سے منعقد نہیں ہوا تھا۔

★★★

# جغرافیہ

## بورڈ کا سوالیہ پرچہ : نومبر 2020

وقت : 2 گھنٹے ] [ کل نمبر : 40

**ہدایات :** (1) تمام سوالات/سرگرمیاں حل کرنا ضروری ہے۔

(2) بائیں جانب کا عدد سوال کا کل نمبر ظاہر کرتا ہے۔

(3) سوال 4 (A) کے لیے فراہم کردہ بھارت / برازیل کے نقشے کا خاکہ استعمال کر کے اسے اصل جوابی پرچے سے منسلک کر دیجیے۔

(4) سوال 6 (A) کے لیے فراہم کردہ ترسیمی کاغذ استعمال کر کے اسے اصل جوابی پرچے سے منسلک کر دیجیے۔

(5) سوالوں کے جواب لکھتے وقت حسبِ ضرورت شکلیں/ترسیم بنائیے۔

(6) سوالوں کے جواب لکھتے وقت نقشہ بنانے کے لیے حسب ضرورت اسٹینسل کا استعمال کرنے کی اجازت ہے۔

(7) سوالوں کے جواب نیلی یا کالی روشنائی کے پین سے لکھیے۔ پنسل سے لکھے ہوئے جواب قبول نہیں کیے جائیں گے۔

(8) شکلیں، ترسیم اور نقشہ وغیرہ بنانے کے لیے پنسل یا رنگین پنسل کا استعمال کر سکتے ہیں۔

---

**سوال 1. صحیح متبادل چن کر بیانات مکمل کیجیے :** 4

(1) برازیل ............................ رقص کے لیے مشہور ہے۔

(i) سانبا (ii) بھیؤ (iii) بھانگڑا (iv) بھارت ناٹیم

(2) آبادی کے لحاظ سے بھارت دنیا کا ............................ نمبر کا ملک ہے۔

(i) پہلے (ii) پانچویں (iii) ساتویں (iv) دوسرے

(3) امیزان دنیا کا ایک بڑا دریا ہے۔ اس دریا کے دہانے پر ............................ ۔

(i) ڈیلٹا ہے (ii) ڈیلٹا نہیں ہے (iii) گہری کھاڑیاں ہیں (iv) ماہی گیری کا پیشہ کیا جاتا ہے

(4) بھارت کی ریاست ........................ میں ریلوے کا جال کم گھنا ہے۔

(i) اتر پردیش (ii) مہاراشٹر (iii) تامل ناڈو (iv) راجستھان

**سوال 2. مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات ہدایات کے مطابق لکھیے۔ الگ جزو پہچان کر لکھیے :** 4

(1) برازیل کی فصل :

(i) کوکا (کوکو) (ii) کافی (iii) سویابین (iv) جوار

(2) جغرافیائی سیر کا اہم مقصد :

(i) جغرافیائی معلومات (ii) تاریخی معلومات (iii) سیر وسیاحت (iv) ثقافتی

(3) برازیل میں جنگلات کی قسم :

(i) کانٹے دار جنگلات (ii) سدا بہار جنگلات (iii) ہمالیائی جنگلات (iv) پت جھڑ والے جنگلات

(4) بھارت کی نمک کی پیداوار والی ریاستیں :

(i) گجرات (ii) راجستھان (iii) بہار (iv) تامل ناڈو

سوال 3. ذیل میں سے ہر سوال کا جواب ایک جملے میں لکھیے : (کوئی چار) 4

(1) برازیل کا زیادہ تر حصہ کس نصف کرہ میں واقع ہے؟

(2) بھارت کی سب سے زیادہ شہر کاری والی ریاست کون سی ہے؟

(3) برازیل کی سب سے اونچی چوٹی کون سی ہے؟

(4) تناسب جنس کیا ہے؟


(5) شمالی بھارت کے میدانوں میں کس قسم کی بستیاں نظر آتی ہیں؟

سوال 4. (A) دیے گئے برازیل کے نقشے (خاکے) میں مندرجہ ذیل کی نشاندہی کیجیے۔ نام لکھیے اور فہرست بھی بنائیے : (کوئی چار) 4

(1) پینٹانال (2) کانٹے دار جنگل (3) پمپاس گھاس کا میدان (4) کافی کی پیداوار کا علاقہ

(5) شمالی ریاست میں گھنی آبادی والا علاقہ (آماپا) (6) میناس بندرگاہ

سوال 4. (B) درج ذیل نقشے کا بغور مشاہدہ کیجیے اور پوچھے گئے سوالات کے جوابات لکھیے : (کوئی چار) 4



**سوالات :**

(1) یہ نقشہ کیا ظاہر کرتا ہے؟

(2) شمالی اور جنوبی شاہراہ کن دو شہروں کو جوڑتی ہے؟

(3) مشرقی ساحل کی دو بندرگاہوں کے نام لکھو۔

(4) بھارت کے مغربی ساحل پر Southernmost میں کون سی بندرگاہ ہے؟

(5) مہاراشٹر کی اہم بندرگاہ کا نام لکھیے۔

**سوال 5. مندرجہ ذیل کے جغرافیائی وجوہات لکھیے : (کوئی دو)** **6**

(1) برازیل میں ہمیشہ برف باری نہیں ہوتی۔

(2) بھارت کے مشرقی ساحل پر قدرتی بندرگاہیں کم ہیں۔

(3) برازیل میں انسانی بستی کی مرکوزیت مشرقی ساحل کے قریب پائی جاتی ہے۔

(4) شمال مشرقی مانسون ہواؤں کی وجہ سے بھی بھارت میں بارش ہوتی ہے۔

**سوال 6. (A) مندرجہ ذیل دیے گئے اعداد وشمار کی بنا پر سادہ خطی ترسیم بنایئے اور درج ذیل سوالات کے جوابات لکھیے :** **6**

**ہندوستان کی برآمدات برازیل سے یو ایس ملین ڈالر میں**

| سال | ہندوستانی برآمدات |
|---|---|
| 2008 | 3700 |
| 2009 | 2200 |
| 2010 | 4200 |
| 2011 | 6100 |
| 2012 | 5000 |

**سوالات :**

(1) 2008 میں کتنا برآمد ہندوستان سے کیا گیا ہے؟


(2) کس سال میں برآمد سب سے زیادہ ہوئی؟

(3) 2009 سے 2011 میں برآمد کتنا زیادہ ہوا؟

**یا**

**سوال 6. (B) مندرجہ ذیل ترسیم کا مطالعہ کیجیے اور سوالات کے جوابات لکھیے :** **6**

**عمر اور تناسب جنس اہرامی ترسیم (بھارت 2016)**



**سوالات :**

(1) مندرجہ بالا گراف (ترسیم) کیا ظاہر کرتا ہے؟

(2) کس عمر کے گروہ کی آبادی زیادہ ہے؟

(3) Y- محور پر عمر کے گروہ کے درمیان کتنا فرق دکھائی دیتا ہے؟

(4) 60 سال کی عمر میں مرد یا عورت دونوں میں سے کس کی آبادی زیادہ ہے؟

(5) 55 سے 59 سال کی عمر کی خواتین کا تناسب کتنا ہے؟

(6) کس عمر کے گروہ کے بعد آبادی کا تناسب کم ہو رہا ہے؟

**سوال 7. درج ذیل سوالوں کے مفصل جواب لکھیے : (کوئی دو)** **8**

(1) شکر کارخانے کی علاقائی سیر کے لیے سوالنامہ تیار کیجیے۔

(2) بھارت کے تاریخی پس منظر پر مفصل معلومات دیجیے۔

(3) برازیل اور بھارت میں جنگلات کا خاتمہ ہونے کی اہم وجوہات کیا ہیں؟

★★★

# جغرافیہ

## بورڈ کا سوالیہ پرچہ : نومبر 2020 کے جوابات

**سوال 1.**

**(1)** برازیل سانبا رقص کے لیے مشہور ہے۔

**(2)** آبادی کے لحاظ سے بھارت دنیا کا دوسرے نمبر کا ملک ہے۔

**(3)** امیزان دنیا کا ایک بڑا دریا ہے۔ اس دریا کے دہانے پر ڈیلٹا نہیں ہے۔

**(4)** بھارت کی ریاست راجستھان میں ریلوے کا جال کم گھنا ہے۔

**سوال 2.**

**(1)** برازیل کی فصل : (iv) جوار

**(2)** جغرافیائی سیر کا اہم مقصد : (iii) سیر و سیاحت

**(3)** برازیل میں جنگلات کی قسم : (i) کانٹے دار جنگلات

**(4)** بھارت کی نمک کی پیداوار والی ریاستیں : (iii) بہار

**سوال 3.**

**(1)** برازیل کا زیادہ تر حصہ جنوبی نصف کرے میں واقع ہے۔


**(2)** بھارت کی سب سے زیادہ شہر کاری والی ریاست گوا ہے۔

**(3)** برازیل کی سب سے اونچی چوٹی پیکو دی نیبلینا ہے۔

**(4)** کسی علاقے میں ایک ہزار مردوں کے مقابلے میں عورتوں کی تعداد کو تناسب جنس کہتے ہیں۔

**(5)** شمالی بھارت کے میدانی علاقوں میں گنجان اور مرکوز قسم کی بستیاں نظر آتی ہیں۔

**سوال 4. (A)**




**اشاریہ :**

| بیان | نشان اور علامات | نمبر شمار |
|---|---|---|
| پینٹانال | | (1) |
| کانٹے دار جنگل | | (2) |
| پمپاس گھاس کا میدان | | (3) |
| کافی کی پیداوار کا علاقہ | | (4) |
| شمالی ریاست میں گھنی آبادی والا علاقہ (آماپا) | | (5) |
| میناس بندرگاہ | | (6) |

**سوال 4. (B)**

**(1)** یہ نقشہ بھارت کی قومی شاہراہوں اوراہم بندرگاہوں کوظاہر کرتا ہے۔

**(2)** شمالی اورجنوبی شاہراہ سری نگراورکنیا کماری ان دوشہروں کوجوڑتی ہے۔

**(3)** مشرقی ساحل کی دوبندرگاہوں کے نام : (۱) کولکاتا (۲) چینئی ۔

**(4)** بھارت کے مغربی ساحل پرانتہائی جنوب میں کوچی بندرگاہ ہے۔

**(5)** مہاراشٹر کی اہم بندرگاہ کا نام ممبئی ہے۔

**سوال 5.**

**(1)** (۱) عام طور پر منطقۂ باردہ کے ملکوں میں قطبی ہواؤں کی وجہ سے باقاعدہ برف باری ہوتی ہے۔اسی طرح سمندر کی سطح سے کافی اونچائی پر واقع پہاڑی سرد علاقوں میں بھی برف باری ہوتی ہے۔

(۲) برازیل کا محل وقوع منطقۂ باردہ میں نہیں، منطقۂ حارہ میں ہے۔

(۳) برازیل میں بہت اونچے اونچے پہاڑی علاقے نہیں ہیں اس وجہ سے برازیل میں ہمیشہ برف باری نہیں ہوتی۔

**(2)** (۱) بھارت کا مشرقی ساحل دریاؤں کے ساتھ بہہ کر آنے والے کیچڑ ( گاد ) کی اجتماع کاری سے تیار ہوا ہے۔مشرقی ساحل پر کئی مقامات پر گاد کا ڈیلٹائی علاقہ پایا جاتا ہے۔

(۲) بھارت کے مشرقی ساحل کے قریب پانی کی سطح زیادہ گہری نہیں ہے جبکہ مغربی ساحل کے قریب پانی کی سطح نسبتاً زیادہ گہری ہے۔

(۳) گاد اور پانی کی کم گہری سطح قدرتی بندرگاہوں کے لیے مناسب نہیں ہے۔اس لیے بھارت کے مشرقی ساحل پر قدرتی بندرگاہیں کم ہیں۔

**(3)** (۱) ابتدا میں یورپ کے آبادکاروں نے برازیل میں جو بستیاں قائم کیں وہ خصوصاً مشرقی ساحلی علاقوں میں قائم کی گئیں۔

(۲) برازیل کی مشرقی ساحلی پٹی کے مقابلے میں کم چوڑی پٹی میں معتدل اور مرطوب آب وہوا، زرخیز زمین، وافر مقدار میں پانی کی دستیابی اور وسائل کے ذخیرے پائے جاتے ہیں۔


(۳) نتیجتاً برازیل کے مشرقی ساحلی علاقوں میں زراعت اور دیگر صنعتوں کا فروغ ہوا۔اس کے نتیجے میں اس علاقے میں انسانی بستیوں کا بھی فروغ ہوا۔اس لیے برازیل میں انسانی بستیوں کی مرکوزیت مشرقی ساحل کے قریب پائی جاتی ہے۔

**(4)** (۱) بھارت میں خصوصاً جنوب مغربی موسمی ہواؤں کی وجہ سے بارش ہوتی ہے۔یہ جنوب مغربی موسمی ہوائیں بھارت کے جنوب سے بھارت میں داخل ہوتی ہیں اور رفتہ رفتہ شمال کی طرف بڑھتی ہیں۔

(۲) بھارت کی سرزمین پر بہنے والی یہ جنوب مغربی موسمی ہوائیں ہمالیہ کے شوالک اور ہماچل کے پہاڑی سلسلوں سے ٹکرا کر واپس بحرِ ہند کی طرف پلٹتی ہیں۔

(۳) شمال مشرق کی سمت سے بحرِ ہند کی جانب پلٹنے پر ان شمال مشرقی مانسونی ہواؤں کی وجہ سے بھارت کے جزیرہ نما حصے پر دوبارہ مانسون کی واپسی کی بارش ہوتی ہے۔اس طرح شمال مشرقی مانسونی ہواؤں کی وجہ سے بھی بھارت میں بارش ہوتی ہے۔

**سوال 6. (A)**




(1) 2008 میں ہندوستان سے 3700 (یوایس ڈالر) برآمد کیا گیا ہے۔

(2) 2011 میں سب سے زیادہ برآمد ہوئی۔

(3) 2009 سے 2011 کے درمیان 3900 (یوایس ڈالر) برآمد زیادہ ہوئی۔

**یا**

**سوال 6. (B)**

(1) دیے ہوئے گراف (ترسیم) میں عمر اور تناسب جنس اہرامی ترسیم (بھارت 2016) کو ظاہر کیا گیا ہے۔

(2) 10 سے 14 برس کی عمر کے گروہ کی آبادی سب سے زیادہ ہے۔

(3) 'Y' محور پر دیے گئے عمر کے گروہ کے درمیان 4 کا فرق دکھائی دیتا ہے۔

(4) 60 سال کی عمر کے گروہ میں عورتوں کی آبادی زیادہ ہے۔

(5) 55 سے 59 سال کی عمر کے گروہ کی خواتین کا تناسب % 2.0 ہے۔

(6) 10 سے 14 سال کی عمر کے گروہ کے بعد آبادی کا تناسب کم ہوتا دکھائی دے رہا ہے۔

**سوال 7.**

**(1)** کارخانے کی سیر کے لیے سوالنامہ :

(۱) اس کارخانے کا قیام کس سال ہوا؟

(۲) کارخانے میں کون کون سی چیزیں تیار کی جاتی ہیں؟

(۳) کارخانے میں کام کرنے والے مزدوروں کی تعداد کتنی ہے؟

(۴) کارخانے میں اشیا کی پیداوار کے لیے کس قسم کے خام مال کی ضرورت ہوتی ہے؟

(۵) کارخانے میں اشیا کی پیداوار کے لیے خام مال کہاں سے حاصل کیا جاتا ہے؟

(۶) کارخانے میں تیار مال کس مقام پر فروخت کیا جاتا ہے؟

(۷) کارخانے میں کام کرنے والوں کی حفاظت کا کیا نظم ہے؟

(۸) ماحول کو نقصان نہ پہنچے اس مقصد کے لیے کون سے طریقے اختیار کیے جاتے ہیں؟

**(2)** (۱) بھارت تقریباً ڈیڑھ صدی تک برطانیہ کے زیر اقتدار رہا۔

(۲) ۱۵/اگست ۱۹۴۷ء کو بھارت کو آزادی ملی۔

(۳) آزادی کے بعد یعنی ۱۹۴۷ء سے بھارتی یونین نے پارلیمانی جمہوری نظامِ حکومت اپنایا ہے۔

(۴) آزادی کے بعد کے ابتدائی بیس سالوں کے دوران ہندوستان کو تین جنگیں لڑنی پڑیں اور متعدد ریاستوں میں خشک سالی کے حالات کا سامنا کرنا پڑا۔

(۵) مختلف قسم کے مسائل کے باوجود بھارت آج دنیا کا ایک ترقی پذیر ملک ہے۔

(۶) بھارت آج ایک اہم منڈی کے طور پر جانا جاتا ہے۔

(۷) مختلف مراحل میں کی گئی معاشی اصلاحات کی وجہ سے بھارت کی معاشی ترقی میں تیزی آئی ہے۔

(۸) بھارت کی آبادی میں فعال گروہ کے لوگوں (نوجوانوں) کا تناسب سب سے زیادہ ہے۔ اسی لیے بھارت کو ایک ''نوجوان ملک'' کہا جاتا ہے۔

**(3)** برازیل اور بھارت میں جنگلات کے خاتمے کی وجوہات مندرجہ ذیل ہیں :

(۱) بھارت اور برازیل دونوں ممالک میں بڑھتی آبادی کی رہائش کے لیے جگہ کی قلت پیدا ہوگئی ہے۔

(۲) رہائش کے لیے جگہ فراہم کرنے کی غرض سے دونوں ممالک میں بڑے پیمانے پر جنگلات کاٹے جاتے ہیں۔

(۳) برازیل میں 'روکا' اور بھارت میں 'جھوم' قسم کی گشتی کاشتکاری کے لیے جنگلات کے درخت کاٹ کر یا جلا کر کھیتی اور رہائش کے لیے زمین فراہم کی جاتی ہے۔

(۴) لوگ ایندھن کے طور پر استعمال کرنے کے لیے بڑے پیمانے پر جنگلات کے درخت کاٹتے رہتے ہیں۔

★★★